SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XII OF 1994

سندھ ثقافتی ورثہ (تحفظ) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH CULTURAL HERITAGE (PRESERVATION) ACT, 1994

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definition
۳۔ مشاورتی کمیٹی
Advisory committee
۴۔ سوال کہ کیا تحفظ میں لیا گیا کوئی ورثہ تاریخی حیثیت کا حامل ہے
Question as to whether any protected heritage is of historic interest
۵۔ احاطوں کی حوالگی، تحفظ وغیرہ
Custody, preservation etc., of premises
۶۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا اعلان
Declaration of protected heritage
۷۔ حکومت کے تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا حق یا سنبھال حاصل کرنا
Acquisition of right in or guardianship of a protected heritage of the Government
۸۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا تحفظ

Preservation of protected heritage
۹۔ سنبھال نہ کر سکنے والے مالکین
Owners under disability
۱۰۔ بقایاجات کی وصولی
Recovery of Arrears
۱۱۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی مرمت کے لیئے مالی امداد کی درخواست
Application of endowment to repair of a protected heritage
۱۲۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی لازمی خرید
Compulsory Purchase of Protected heritage
۱۳۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی مرمت
Maintenance of protected heritage
۱۴۔ چندہ اور عطیات
Contributions and donations
۱۵۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا مقصد اور استعمال
Purpose and use of protected heritage
۱۶۔ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ سے حکومت کی طرف سے حق سے دستبردار ہونا
Relinquishment of Government rights in a protected heritage
۱۷۔ مخصوص تحفظ میں لیئے گئے ورثہ پر رسائی کا حق
Right of access to certain protected heritage
۱۸۔ جرمانہ
Penalty
۱۹۔ ختم کرنے کا اثر
Overriding effect
۲۰۔ قواعد
Rules
۲۱۔ اس ایکٹ کے تحت کام کرنے والے شخص کا تحفظ
Protection to the Person; acting under this Act

سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XII OF 1994

سندھ ثقافتی ورثہ (تحفظ) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH CULTURAL HERITAGE (PRESERVATION) ACT, 1994

[۳۰ اپریل ۱۹۹۴]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے صوبہ سندھ میں قدیم مقامات اور تعمیراتی، تاریخی، آثار قدیمہ، فنی اہمیت کے حاصل ، ایتھنالاجیکل، انتھروپولاجیکل اور قومی دلچسپی کی چیزوں کو محفوظ بنایا اور تحفظ کیا جائے گا۔

جیسا کہ صوبہ سندھ میں قدیم مقامات اور آرکیٹیکچرل، تاریخی، آرکیالاجیکل، آرٹسٹک، ایتھنالاجیکل، انتھروپولاجیکل اور قومی دلچسپی کی چیزوں کو محفوظ بنانا اور تحفظ کرنا مقصود ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

۱۔ (۱)ا س ایکٹ کو سندھ ثقافتی ورثہ (تحفظ) ایکٹ، ۱۹۹۴ کہا جائے گا۔

(۲)اس کی پورے صوبہ سندھ میں نافذ ہوگا ، بشمول ساحلی علاقوں کے۔

(۳)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف

Definition

۲۔ اس ایکٹ میں، جب تک مضمون اور مفہوم کچھ اور طلب نہ کرے، تب تک:

(i) "کمیٹی" مطلب دفعہ ۳ کے تحت بنائی گئی مشاورتی کمیٹی؛

(ii) "چیئرمین" مطلب کمیٹی کا چیئرمین؛

(iii) "حکومت" مطلب سندھ حکومت؛

(iv) "مینٹین اور مینٹیننس" جس میں شامل ہے تحفظ میں لیئے گئے ورثوں اور جگہوں کی گرد جھنگلہ لگانا، ڈھانکنا، مرمت کرنا، اصلی صورت میں بحال کرنا، نگہبانی کرنا اور کیپنگ وغیرہ؛

(v) "میمبر" مطلب کمیٹی کا میمبر؛

(vi) "تحفظ میں لیا گیا ورثہ" مطلب کوئی جگہ یا آثار قدیمہ، تعمیراتی، تاریخی، ثقافتی یا قومی قدر کی حکومت کی طرف سے اعلان شدہ جگہ، جس میں شامل ہوگی اس سلسلے میں منع شدہ باہر والی زمین یا باہر والی دیواریں وغیرہ؛ اور

مشاورتی کمیٹی
Advisory committee

(vii) "مالک" جس میں شامل ہے مالک کی طرف سے قانونی طور پر مجاز بنایا گیا کوئی شخص اور کوئی مینیجر یا انتظام رکھنے کے اختیارات استعمال کرنے والا ٹرسٹی۔

۳۔ (۱) اس ایکٹ کے مقصد کے لیئے، حکومت ایک مشاورتی کمیٹی بنائے گی، جو چیئرمین اور حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ٦ دیگر میمبروں پر مشتمل ہوگی، جس میں سے تین تعمیراتی فن کے مورخ، آثار قدیمہ کے ماہرین، ورثہ کی حفاظت کرنے کے ماہرین اور ثقافتی آرٹس اور کرافٹس کے عالم ہوں گے۔

(۲)چیئرمین یا میمبر، علاوہ ایکس آفیشو میمبر کے، جب تک وہ حکومت کو خط کے ذریعے استعیفیٰ نہ دے یا پہلے ہٹایا نہ جائے، وہ حکومت کی خوشی سے عہدہ رکھیں گے۔

(۳)چیئرمین کسی شخص کو میمبر کے طور پر مقرر کر سکتا ہے۔

(۴)عہدے کے مقصد کے لیئے مقرر کردہ سرکاری میمبر عہدہ چھوڑنے پر میمبر نہیں رہے گا۔

سوال کہ کیا تحفظ میں لیا گیا کوئی ورثہ تاریخی ہے
Question as to whether any protected heritage is of historic interest

۴۔ اگر کوئی سوال اٹھتا ہے تو کوئی جگہ یا کوئی

علاقوں کی حوالگی، تحفظ وغیرہ
Custody, preservation etc., of

تعمیراتی، تاریخی، آثار قدیمہ یا قومی قدر کی چیز ہے یا نہیں تو، وہ معاملہ حکومت کی طرف بھیجا جائے گا، جو مشاورتی کمیٹی سے مشاورت کے بعد اس معاملے کا فیصلہ کرے گی اور حکومت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

premises

تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا اعلان

Declaration of protected heritage

۵۔ جہاں کمیٹی کوئی معلومات حاصل کرتی ہے یا کسی جگہ یا آرکیٹیکچرل، تاریخی، ثقافتی یا قومی قدر کی چیز کے دریافت یا موجودگی کی معلومات حاصل کرتی ہے، جس کا کوئی مالک نہیں ہے، وہ ایسی معلومات کی تصدیق کرنے کے بعد ایسے اقدام اٹھائے گی جو ایسی جگہ یا چیز کے تحویل میں لینے، محفوظ بنانے اور تحفظ کے لیئے ضروری سمجھے۔

حکومت کے تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا حق یا سنبھال حاصل کرنا

Acquisition of right in or guardianship of a protected heritage of the Government

٦۔ (۱) حکومت کمیٹی کی سفارش پر سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے یا دوسری صورت میں کسی تاریخی، ثقافتی یا آرکیٹیکچرل قدر کی جگہوں کا اس ایکٹ کے مقصد کے لیئے تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کے طور پر اعلان کر سکتی ہے۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت شایع ہونے والے نوٹیفکیشن کی کاپی اخباورں میں شایع کی جائے گی اور اس نوٹیفکیشن کی کاپی ایسی جگہ پر یا نزدیک ترین جگہ کے قریب لگائی جائے گی، جس سے وہ اسباب بھی شامل کیئے جائیں گے، جن کے لیئے نوٹیفکیشن نکالا گیا ہے اگر اس حوالے سے اعتراض ہو تو ان کی دعوت دی جائے گی اور اس میں بیان کیا جائے گا کے ایک نوٹیفکیشن کے نکلنے سے ایک ماہ کے اندر سرکار نوٹیفکیشن میں بیان کیئے گئے اسباب پر قدم اٹھائے گی۔

(۳)ایک مہینے کا بیان کردہ عرصہ مکمل ہونے پر، حکومت اعتراضات پر غور کرنے کے بعد، اگر کوئی ہو، تصدیق کر سکتی ہے یا نوٹیفکیشن کو ختم

تحفظ میں لیئے گئے

کر سکتی ہے۔
(۴)اس دفعہ کے تحت نوٹیفکیشن، جب تک وہ ختم نہیں کیا جائے، اس حقیقت کی جامع شاہدی ہوگا کہ علاقہ یا جگہ جس سے وہ متعلقہ ہے، وہ اس ایکٹ کے مقصد کے لیئے تحفظ میں لیا گیا ورثہ ہے۔

ورثہ کا تحفظ
Preservation of protected heritage

۷۔ (۱) کمیٹی حکومت کی منظوری سے کسی تحفظ میں لیئے گئے ورثے کو خرید سکتی ہے یا اس کو تحفث میں لے سکتی ہے ۔
(۲)کمیٹی کسی تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو تحفہ یا وصیت کی طور پر قبول کر سکتی ہے۔
(۳)کسی تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا مالک، تحریری طور پر کمیٹی تشکیل دے سکتا ہے جو تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا دیکھ بھال کرے گی اور کمیٹی حکومت کی منظوری سے ایسی دیکھ بھال کرنے کی حیثیت قبول کر سکتی ہے۔
(۴)جب کمیٹی نے ذیلی دفعہ (۳) کے تحت تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی دیکھ بھال قبول کی ہے، مالک کے علاوہ اس کی، جیسے اس ایکٹ میں بیانی طور پر فراہم کیا گیا ہے، اس مالک کو تحفظ میں لیئے گئے ورثہ یا چیز میں وہ ہی حیثیت، حق، حیثیت اور فائدہ حاصل ہوگا، جیسے اس کی کمیٹی دیکھ بھال والی مقرر ہونے سے پہلے تھا۔
(۵)جب کمیٹی نے ذیلی دفعہ (۳) کے تحت تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی دیکھ بھال قبول کی ہے، دفعہ ۸ کے تحت معاہدے سے متعلقہ اس ایکٹ کی گنجائشیں مذکورہ ذیلی دفعہ کے تحت کیئے گئے دستاویز پر نافذ ہوں گی۔

سنبھال نہ کر سکنے

۸۔ (۱) کمیٹی حکومت کی گذشتہ منظوری سے مالک کو حکومت سے کسی تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کے تحفظ کے لیئے معاہدے میں داخل ہونے کی تجویز کر سکتی ہے۔
(۲)اس دفعہ کے تحت معاہدے میں شامل ہوں گے مندرجہ ذیل معاملات یا معاہدے میں شامل کرنے کے

لیئے، ان میں سے جو ضروری ہوں ۔

(a) تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی مرمت اور حوالگی اور اس کی نظرداری کے لیئے مقرر کردہ شخص کی ذمیداریاں۔

(b) مالک کے اسی حق پر پابندی جس کے ذریعے وہ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو تباہ کر کہ، ہٹا کر، اس میں تبدیلی لا کر یا اس کا حلیہ بگاڑے؛

(c) تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو برقرار رکھنے یا اس کی جانچ پڑتال کرنے کے لیئے کمیٹی کی طرف سے مقرر کردہ کچھ اشخاص کی طرف سے عوام کو یا عوام کے کسی حصہ کو ورثہ تک رسائی کی سہولت فراہم کرنا؛

(d) مالک کی طرف سے زمین جس پر تحفظ میں لیا گیا ورثہ موجود ہے، وہ فروخت کے لیئے پیش کرنے کی صورت میں حکومت کو نوٹیس دیا جائے گا، اور ایسے ورثہ کو خرید کر کے حکومت کی طرف سے محفوظ بنانے کا حق ہوگا، یا ایسے ورثہ کا کوئی حصہ، اس کی مارکیٹ قیمت پر خرید کیا جائے گا۔

(e) تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو محفوظ بنانے کے سلسلے میں مالک یا حکومت کی طرف سے برداشت کردہ خرچہ ادا کرنا؛

(f) تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو محفوظ بنانے کے سلسلے میں کوئی معاملہ جو مالک اور حکومت کی درمیاں معاہدے کا سبب ہے۔

(۳)اس دفعہ کے تحت کسی معاہدے کے قواعد وقتن فوقتن حکومت کی منظوری سے تبدیل کیئے جا سکتے ہیں۔

(۴)کوئی بھی پارٹی دوسری پارٹی کو تین ماہ کا تحریری نوٹیس دے کر معاہدہ ختم کر سکتی ہے۔

والا مالک
Owners under disability

بقایاجات کی وصولی
Recovery of Arrears

تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی مرمت کے

(۵)اس دفعہ کے تحت معاہدہ تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کے کسی دعویدار شخص پر نافذ ہوگا، اس پارٹی کے تحت جس کے ذریعے وہ معاہدہ کیا گیا ہو۔

لیئے امداد کی درخواست
Application of endowment to repair of a protected heritage

(٦)حکومت کی طرف سے تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو محفوظ بنانے یا اس کے حفاظت پے آئے خرچہ کے سلسلے میں حاصل کردہ حق اس دفعہ کے تحت معاہدہ ختم ہونے پر متاثر نہیں ہوگا۔

۹۔ اگر مالک نابالغی یا معذوری کے سبب اپنا کام خود کرنے کےلائق نہیں ہے، ، تو اس کی طرف سے قانونی طور پر مجاز بنایا گیا شخص دفعہ ۸ ک تحت مالکانہ اختیارات استعمال کرے گا۔

تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی لازمی خرید
Compulsory Purchase of Protected heritage

۱۰۔ (۱) اگر یہ سمجھا جاتا ہے کہ کوئی شخص تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو تباہ کرنا، ہٹانا، تبدیل کرنا، بگاڑنا یا گرانا چاہتا ہے یا اس پر تعمیر کرنا چاہتا ہے یا محل وقوع کے قریب معاہدے کے شرائط سے تکرار میں دفعہ ۸ کے تحت اس کے تحفظ کے خلاف کچھ کرتا ہے، کمیٹی ایسی خلاف ورزی کے خلاف منع نامہ کے احکامات جاری کر سکتی ہے۔

تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی مرمت
Maintenance of protected heritage

(۲)اگر مالک یا دوسرا کوئی جو دفعہ ۸ کے تحت تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی حفاظت اور مرمت کے لیئے معاہدے کے تحت پابند ہے، وہ کمیٹی کے خیال میں ایسی مرمت یا حفاظت کے لیئے ضروری اقدامات نہیں اٹھا تا، یا ایسے موزوں وقت کے دوران جو کمیٹی کی طرف سے طے کیا گیا ہو، اس کے دوران ایسے اقدام نہیں اٹھاتا، تو کمیٹی کسی شخص کو ایسے اقدامات اٹھانے کے لیئے بااختیار بنا سکتی ہے، اور ایسے اقدامات اٹھانے پر خرچہ یا خرچہ کا ایسا حصہ جو معاہدے کے تحت مالک کو بھرنا تھا، وہ مالک سے لینڈ روینیو کی بقایاجات کی مد میں وصول کیا جائے گا۔

شراکتداری اور عطیات
Contributions and donations

(۳)اس دفعہ کے تحت کردہ حکم سے متاثر شخص حکومت کو اپیل کر سکتا ہے، جو اس کو رد یا اس پر نظرثانی کر سکتی ہے، اور اس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کا مقصد اور استعمال

Purpose and use of protected heritage

۱۱۔ (۱) اگر کوئی مالک یا دوسرا کوئی باختیار بنایا گیا شخص دفعہ ۸ کے تحت تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی حفاظت کے لیئے معاہدے میں داخل ہوتا ہے، وہ کمیٹی کی طرف سے اس کو دیئے گئے کام سے انکار کرتا ہے یا ایسے معاہدے پر عمل میں ناکام ہوتا ہے اور اگر ایسے ورثہ کی مرمت کے مقصد کے لیئے کوئی انڈومنٹ قائم کیا گیا ہے، یا ایسے مقاصد کے لیئے تو، کمیٹی ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں ایسے انڈومنٹ یا اس کے حصہ کے مناسب استعمال کے لیئے کیس داخل کر سکتی ہے۔

تحفظ میں لیئے گئے ورثہ میں حکومت کا حق ضایع ہونا

Relinquishment of Government rights in a protected heritage

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت درخواست کی شنوائی پر ڈسٹرکٹ جج سمن جاری کر سکتا ہے اور مالک اور کسی شخص جس کی گواہی اس کے لیئے ضروری ہو ان سے پوچھ گاچھ کر سکتا ہے، اور انڈومنٹ کے مناسب استعمال یا کسی پارٹے کے لیئے حکم جاری کر سکتا ہے، اور ایسے کسی حکم پر ایسے عمل کیا جائے گا جیسے وہ ایک سول کورٹ کی ڈکری تھا۔

مخصوص تحفظ میں لیئے گئے ورثہ پر رسائی کا حق

Right of access to certain protected heritage

۱۲۔ اگر حکومت سمجھتی ہے کہ تحفظ میں لیا گیا ورثہ کو تباہ ہونے، نقصان پہچنے یا زبون ہونے کا خطرہ ہے تو حکومت اس کو لینڈ اکویزیشن ایکٹ، ۱۸۹۴ کی گنجائشوں کے تحت حاصل کر سکتی ہے، جیسے تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی حفاظت ایکٹ کے تحت "عوامی مقصد" کے لیئے ہو۔

جرمانہ

Penalty

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ملے ہوئے ضروری خرید کے اختیارات مندرجہ ذیل صورت میں استعمال نہیں کیئے جائیں گے:

(a) تحفظ میں لیا گیا ورثہ جو یا جس کا حصہ باقادعدگی سے مذہبی پیروکاری کے لیئے استعمال ہوتا رہا ہے، یا

(b) کوئی تحفظ میں لیا گیا ورثہ جو دفعہ ۸ کے تحت کیئے گئے معاہدے میں آتا ہو۔

ختم کرنے کا اثر

Overriding effect

۱۳۔ کمیٹی ہر تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی دیکھ بھال اور تحفظ کرے گی جس کے کوئی بھی حق جو

قواعد

Rules

۲۱۔ اس ایکٹ کے

دفعہ ۷ میں دیا گیا ہے، حکومت نے حاصل کیئے ہیں یا جو حکومت نے دفعہ ۱۲ کے تحت حاصل کیا ہے۔

تحت کام کرنے والے شخص کا تحفظ
Protection to the Person; acting under this Act

۱۴۔ کمیٹی تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی مرمت کی مد میں رضاکارانہ طور پر رقم اور امداد حاصل کر سکتی ہے اور اس کی طرف سے اس طرح حاصل کردہ کوئی فنڈس کے انتظام اور استعمال کے لیئے احکامات جاری کر سکتی ہے۔
بشرطیکہ اس دفعہ کے تحت حاصل کردہ کوئی بھی رقم دوسرے کسی مقصد کے لیئے استعمال نہیں کے جائے گی، علاوہ اس مقصد کے جس کے لیئے وہ دی گئی ہے۔
۱۵۔اس ایکٹ کے تحت تحفظ میں لیا گیا ورثہ اعلانیہ مقاصد کے خلاف استعمال نہیں کیا جائے گا۔

۱۶۔ حکومت کی منظوری سے، کمیٹی:
(a)جہاں اس ایکٹ کے تحت کسی تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کے سلسلے میں حکومت کی طرف سے حقوق حاصل کیئے گئے ہوں کسی فروخت، لیز، تحفہ یا وصیت کے سلسلے میں، وہ اس طرح حاصل کردی ایسے حقوق ایسے شخص کے حق میں ختم کر سکتی ہے، جو وقتی طور پر ایسے ورثہ کا مالک ہے؛ یا
(b)تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کی اس ایکٹ کے تحت قبول کردہ دیکھ بھال ختم کر سکتی ہے۔
۱۷۔ (۱) ایسے قواعد کے تحت جو حکومت کی طرف سے بنائے جائیں، عوام کو اس ایکٹ کے تحت حکومت کی طرف سے کسی تحفظ میں لیئے گئے ورثہ تک رسائی کا حق حاصل ہوگا۔
(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کوئی قاعدہ بنانے کے وقت حکومت یہ طے کر سکتی ہے کے اس کی خلاف ورزی سزا لائق ہوگی، جس کا جرمانہ پچیس

ہزار سے بڑھ سکتا ہے۔
۱۸۔ جہاں مالک کے ساتھ کوئی شخص اس ایکٹ کے تحت حکومت کی طرف سے دیکھ بھال اور تحفظ میں لیئے گئے ورثہ کو تباہ کرتاہے، ہٹاتا ہے، نقصان پہچاتا ہے، تبدیل کرتا ہے یا اس کی شکل بگاڑتا ہے یا اس سلسلے میں دفعہ ۸ کے تحت جو معاہدہ کیا گیا تھا اس کی خلاف ورزی کرتا ہے، وہ جرمانہ کی سزا کا مستحق ہوگا، جو ایک لاکھ روپے تک بڑھ سکتا ہے ، یا قید کی سزا جو تین سال تک بڑھ سکتی ہے، یا دونوں ساتھ۔
۱۹۔ اس ایکٹ کی گنجائشیں وقتی طور پر نافذ کسی اور قانون پر اثرانداز نہیں ہوں گی۔
۲۰۔ حکومت اس ایکٹ کے مقاصد کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

۲۱۔ کوئی کیس یا مقدمہ یا دوسری کوئی قانونی کارروائی اس ایکٹ یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت اچھی نیت سے کیئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر حکومت، کمیٹی، چیئرمین، میمبر یا کمیٹی کے کسی عملدار کے خلاف نہیں ہوگی۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔